36518 ـ قربانی ذبح کرتے وقت نیت کے الفاظ کی ادائیگي کرنا

سوال

کیا نیت کے الفاظ کی ادائیگي جائز ہے مثلا : اگر میں اپنے فوت شدہ والد کی جانب سے قربانی کرنا چاہوں تویہ کہوں : اے اللہ یہ میرے والد کی قربانی ہے ، یا میرے لیے الفاظ کی ادائیگي کیے بغیر ہی کام کرلینا ہی کافی ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

نیت کی جگہ ومحل دل ہے لھذا جوبھی قصداوراراده کرے وہ دل میں ہی ہونا چاہیے اورزبان سے الفاظ کی ادائیگي نہ کرے بلکہ ذبح کرتے وقت بسم اللہ اللہ اکبر کہے اس کی دلیل بخاری ومسلم کی مندرجہ ذیل حدیث ہے :

انس رضي اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

(نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے دومینڈھے ذبح کیے اوربسم اللہ اللہ اکبر کہا) صحیح بخاری (7 / 130) حدیث نمبر (5554) صحیح مسلم حدیث نمبر (1966) مسند احمد (3 / 115) ۔

اوراس میں کوئي مانع نہیں کہ آپ یہ کہہ لیں اے اللہ یہ قربانی میرے والد کی جانب سے ہے ، اوریہ نیت کی الفاظ کی ادائیگي نہیں ۔

اوراللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔ .